18/02/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

وزیر اعظم

امپیکٹ سمٹ کے تناظر میں کئی عالمی AI وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں انڈیا رہنماو

، فن Pedro Sanchez ں کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم کا اسپین کے صدر ،ٔ کروئیشیا کے Aleksandar Vucic ، سربیا کے صدر Antti Petteri Orpo لینڈ کے وزیر اعظم ، بھوٹان کے وزیر اعظم داشو Karis Alar، اسٹونیا کے صدر Andrej Plenkovic وزیر اعظم سے ملاقات کا پروگرام ہے۔ Olzhas Bektenov شیرنگ ٹوبگے اور قزاخستان کے وزیر اعظم

AI سمٹ

امپیکٹ سمٹ 2026 نئی دلی کے بھارت منڈپم میں جاری ہے۔ یہ پانچ روزہ سمٹ ایسی AI انڈیا سمٹ ہے جس کا انعقاد عالمی جنوب خطے میں ہو رہا ہے۔ 20 ملکوں کے عالمی AI پہلی عالمی رہنما اس سمٹ میں شرکت کر رہے ہیں۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وکست بھارت @2047 کا ہدف حاصل کرنے کے لئے تعلیمی اداروں میں جدیدیت کے عمل کو فروغ دیا جانا چاہئے ۔ وہ کل جموں یونیورسٹی میں قومی سط کے ہیکاتھان کی اختتامی تقریب پر اظہار خیال کر رہے تھے ۔ ایل جی نے کہا کہ نوجوان ہر محاذ پر غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کر کے مستقبل کی تعمیر میں اہم رول ادا کر رہے ہیں۔

رانجی ٹرافی

جموں کشمیر کی کرکٹ ٹیم پہلی مرتبہ رانجی ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئی ہے ۔ ٹیم نے مغربی بنگال کو سیمی فائنل میں شکست دے کر ایک تاریخی جیت حاصل کی ہے ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر کی کرکٹ ٹیم کو مبارک باد دیتے ہوئے اس جیت کو پورے جموں کشمیر کے لئے باعث افتخار قرار دیا ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نےبھی سیمی فائنل میں جیت درج کرنے کے لئے جموں کشمیر کی کرکٹ ٹیم کو مبارک باد د ی ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تمام محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ماہِ رمضان کے دوران لوگوں کو ضروری سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لئے مناسب اقدامات کریں ۔ انہوں نے سرینگر میںایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران ماہ رمضان کے ایام میں بجلی اور پینے کے پانی کی معقول سپلائی کے علاوہ بازاروں میں ضروری اشیاءکی دستیابی کا جائزہ لیا ۔ اس سے پہلے سرینگر میں ایک تقریب کے حاشئے پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا ۔

-------CM -------

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے جموں کشمیر بھر میں کنسٹرکشن ورکروں اور اُن کے Other اہلِ خانہ کو ویلفئیر سکیموں کے فوائد دلانے کی غرض سے جے اینڈ کے بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ورکرس ویلفئیر بورڈ کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔ جموں میں ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے لیبر کوڈس اور ویلفئیر سکیموں کی عمل آوری پر زور دیا ۔

اسمبلی

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس جموں میں جاری ہے ۔ کل اجلاس کے دوران دیہی ترقی محکمے کے لئے 45 ارب 65 کروڑ 69 لاکھ 56 ہزار روپے کے گرانٹس کو منظوری دی گئی ۔ ایوان میں زراعت محکمے کے لئے 24 ارب 23 کروڑ 86 لاکھ 40 ہزار روپے ، اینمل و شیپ ہسبنڈری محکمے کے لئے 11 ارب 60 کروڑ 40 لاکھ98 ہزار روپے ، ہارٹیکلچر کے لئے 6 ارب 96 کروڑ 48 لاکھ23 ہزار روپے، فشریز کے لئے دو ارب 6 کروڑ 20 لاکھ56 ہزار روپے، کوآپریٹیو محکمے کے لئے دو ارب 66 کروڑ 11 لاکھ 42 ہزار روپے اور الیکشن

ڈیپارٹمنٹ کے لئے 3 ارب 61 کروڑ 20 لاکھ71 ہزار روپے کے گرانٹس کو منظوری دی گئی ۔ یہ گرانٹس بحث و مباحثے کے بعد زبانی ووٹ کے ذریعے منظور کی گئی ۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے نے کپواڑہ میں ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں مشن یووا کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر 478 معاملات کو منظوری دی گئی ۔ ڈی سی نے بنکوں پر زور دیا کہ وہ اہل کیسوں کے حق میں قرضوں کی جلد از جلد واگزاری کو یقینی بنائیں تاکہ بے روزگار نوجوان اپنے یونٹ قائم کر ے اپنے ساتھ ساتھ دوسروں کے لئے بھی روزگار کے وسیلے پیدا کریں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****